16-10-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت کی منصوبہ بندی کی کمی کے باعث ریاست میں برقی، پینے کے پانی اور آبپاشی کے مسائل پیدا ہوئے ہیں۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اپیل کی کہ ریاست میں ایل نینو کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کا سبھی متحد ہو کر مقابلہ کریں۔

۳۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے بنگلہ دیش جیسے پرتشدد حالات پیدا کر کے بھارت میں حکومت کی تبدیلی لانے سے متعلق بیانات پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ملک دشمن اور غداری پر مبنی قرار دیا ہے۔

۴۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے بتایا کہ تلنگانہ میں آئندہ 7 دنوں کے دوران مختلف مقامات پر ہلکی تا درمیانی بارش کا امکان ہے۔

Revanth Reddy

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے اپیل کی ہے کہ ایل نینو کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کا سبھی مل کر متحدہ طور پر مقابلہ کریں۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست کے آبی ذخائر میں مجموعی 460 ٹی ایم سی پانی کی گنجائش کے مقابلہ میں فی الحال صرف 209 ٹی ایم سی پانی موجود ہے جبکہ 251 ٹی ایم سی پانی کی کمی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پانی خریدا نہیں جا سکتا اس لئے دستیاب پانی کا احتیاط کے ساتھ استعمال ضروری ہے۔ انہوں نے پینے کے پانی کو اولین ترجیح دینے اور ربیع کے موسم میں کسانوں سے دھان کی کاشت کم کرنے کی اپیل کی۔ انہوں نے عوام سے درخواست کی کہ پانی ضائع نہ کریں اور ہر قطرہ کو محفوظ رکھیں۔ وزیراعلیٰ نے مرکز سے بھی مطالبہ کیا کہ اس مشکل وقت میں مالی وسائل فراہم کرتے ہوئے ریاست کی مکمل مدد کی جائے۔

Desk

Adjournment

بحرالکاہل میں پیدا ہونے والے ایل نینو کے اثرات کے باعث تلنگانہ میں پیدا شدہ صورتحال پر آج ریاستی سکریٹریٹ میں منعقد ہونے والا کل جماعتی اجلاس ملتوی کر دیا گیا ہے۔حکومت کی جانب سے اجلاس کی نئی تاریخ کا اعلان جلد کئے جانے کا امکان ہے۔

Desk

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے ریاست کی موجودہ صورتحال پر کانگریس حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ ریاست میں پیدا ہونے والی خشک سالی قدرتی حالات کا نتیجہ نہیں بلکہ کانگریس حکومت کی پیدا کردہ ہے۔سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں کے ٹی آر نے الزام عائد کیا کہ گوداوری اور کرشنا ندیوں کے پانی کا مناسب استعمال نہیں کیا گیا اور پانی کو ضائع کرتے ہوئے نچلے علاقوں کی جانب چھوڑ دیا گیا۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت نے ایل نینو سے متعلق انتباہ کو نظر انداز کیا جس کے باعث موجودہ صورتحال پیدا ہوئی۔

Desk

Kishan Reddy

حیدرآباد کے بنجارہ ہلز علاقہ میں واقع ساگر سوسائٹی میں منعقدہ بتکما تقاریب میں مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے شرکت کی۔انہوں نے مقامی خواتین کے ساتھ تہوار میں حصہ لیا۔اس موقع پر کشن ریڈی نے کہا کہ بتکما تہوار تلنگانہ کی ثقافت اور خواتین کی خودداری کی علامت ہے۔پھولوں کی پوجا سے وابستہ اس خوبصورت تہوار میں بڑی تعداد میں خواتین نے شرکت کرتے ہوئے جوش وخروش کے ساتھ بتکما کھیلا۔کشن ریڈی نے وزیراعظم نریندر مودی اور اپنی جانب سے عوام کو بتکما تہوار کی مبارکباد پیش کی۔

Desk

Bathukamma Celebrations

لوک بھون میں منعقدہ بتکما تقاریب میں گورنر شیو پرتاپ شکلا اوران کی اہلیہ نے شرکت کی اور خصوصی پوجا کی۔اس موقع پر گورنر نے کہا کہ بتکما تہوار تلنگانہ کی ثقافت،فطرت سے عقیدت اور خواتین کی خودداری کی علامت ہے۔تقریب میں تقریباً400 خواتین اور فنکاروں نے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا۔شرکاء نے لوک گیتوں اور روایتی رقص کے ذریعہ تقریب کو رنگارنگ بنادیا۔

Desk

Special Prayers

سکندرآباد کے سری اجینی مہانکالی مندر میں نوراتری تہوار کے سلسلہ میں ریاستی وزراء پونم پربھاکر اور وویک وینکٹ سوامی سمیت کانگریس کے متعدد قائدین نے پوجا کی۔اس موقع پر وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ حکومت ایل نینو کے اثرات سے نمٹنے کے لئے تیار ہے۔انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی کہ اس معاملہ پر سیاست کرنے کے بجائے متحد ہوکر کام کریں تاکہ ریاست کو درپیش چیلنجز کا مؤثر انداز میں مقابلہ کیا جاسکے۔

Desk

Karimnagar

کریم نگر ضلع میں واقع سری مہاشکتی مندر میں نوراتری کی تقاریب انتہائی عقیدت واحترام اور شاندار انداز میں جاری ہیں۔اس موقع پر مرکزی وزیر بنڈی سنجے،سابق رکن پارلیمنٹ گری کپاتی موہن راؤ، قومی کمیشن برائے درج فہرست قبائل کے رکن حسین نائک سمیت کئی اہم شخصیات نے مندر پہنچ کر دیوی کے درشن کئے اور خصوصی پوجا کی۔

PTC-Karimnagar

N. Ramchander Rao

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے دہلی میں پریس کانفرنس کے دوران بعض افراد کی جانب سے بنگلہ دیش جیسے پرتشدد حالات پیدا کر کے بھارت میں حکومت کی تبدیلی لانے سے متعلق دئے گئے بیانات پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے ان بیانات کو انتہائی ملک دشمن اور غداری پر مبنی قرار دیا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ کانگریس پارٹی اور راہول گاندھی ایسی تخریبی قوتوں کے بیانات پر اپنا موقف فوری طور پر واضح کریں۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس کی خاموشی کے پیچھے چھپی سازش کو عوام بخوبی سمجھ رہے ہیں۔

Desk

Eleti Maheshwar Reddy

قانون ساز اسمبلی میں بی جے پی کے قائد ایلیٹی مہیشور ریڈی نے الزام لگایا کہ کانگریس اور بی آر ایس کے دورِ حکومت میں لاکھوں کروڑ روپے کے اراضی گھوٹالے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں سیکشن 22-A کے نام پر ہزاروں ایکڑ سرکاری اور نجی اراضی کو غیر قانونی طور پر ممنوعہ فہرست میں شامل کر کے بڑے پیمانے پر لوٹ مار کی جا رہی ہے۔مہیشور ریڈی نے ان اراضی گھوٹالوں کی عدالتی یا سی بی آئی کے ذریعہ تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا۔

Desk

Fitness Tests

تلنگانہ حکومت نے گاڑیوں کی فٹنس جانچ کو جدید ٹکنالوجی کے ذریعہ انجام دینے کے لئے 425.50 کروڑ روپے کی لاگت سے 37 آٹومیٹڈ ٹیسٹنگ اسٹیشن قائم کرنے کی نظرثانی شدہ منظوری دے دی ہے۔حکومت کی جانب سے جاری کردہ احکامات کے مطابق ان اسٹیشنوں کی تعمیر دو مرحلوں میں مکمل کی جائے گی۔ان کے انتظام و انصرام کی ذمہ داری محکمہ ٹرانسپورٹ کے تحت کام کرنے والے ایک خصوصی ادارہ کے سپرد کی گئی ہے۔

Desk

Vivek

ریاستی وزیر ووِیک وینکٹ سوامی نے کہا کہ عمارتوں کی تعمیر سے وابستہ مزدوروں کے ویلفیئر بورڈ میں شفافیت لانے کے لئے اصلاحات کی جارہی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ سال 2018 سے موصول ہونے والے دعوؤں کی جامع و تجیلنس تحقیقات کا حکم دیا گیا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ بے ضابطگیوں کے ذمہ دار افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

Desk

Inspections

تلنگانہ کے محکمہ فوڈ سیفٹی TG SAFE کی ٹیم نے CURE کے دائرہ کار میں آنے والے کھوا اور مٹھائیاں تیار کرنے کے 7 مراکز پر اچانک معائنے کئے۔اس دوران غیر صاف ستھرے ماحول میں اشیائے خورد و نوش کی تیاری اور لائسنس کے بغیر کاروبار کرنے جیسی خلاف ورزیوں کا انکشاف ہوا۔ حکام نے کارروائی کرتے ہوئے 2,480 کلوگرام غذائی اشیاء ضبط کرلیں جن کی مالیت 3.78 لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت کی ناقص منصوبہ بندی کے باعث تلنگانہ میں برقی، پینے کے پانی اور آبپاشی کے مسائل پیدا ہوئے ہیں۔انہوں نے آج حیدرآباد کے بیگم پیٹ اور امیر پیٹ ڈویژنوں کی مختلف بستیوں کا دورہ کیا اور مقامی افراد سے ان کے مسائل دریافت کئے۔اس موقع پر انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ عوام کی جانب سے پیش کردہ شکایات کو فوری طور پر حل کیا جائے۔انہوں نے ایک کالونی کے پارک میں نئے تعمیر کردہ اوپن جم کا افتتاح بھی کیا۔کشن ریڈی نے کہا کہ ریاست میں موسمِ گرما شروع ہونے سے پہلے ہی برقی کی کٹوتی شروع ہوگئی ہے اور زراعت کے لئے معیاری بجلی فراہم نہیں کی جارہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ مرکز ملک بھر میں کوئلہ کی

پیداوار میں اضافہ کرتے ہوئے ریاستوں کو مسلسل کوئلہ فراہم کر رہا ہے۔ ایل نینو کے اثرات کے پیش نظر انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ برقی اور پانی کا کفایت شعاری کے ساتھ استعمال کریں۔

Desk

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ تلنگانہ میں آئندہ 7 دنوں کے دوران مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ کے مطابق آج اور کل ضلع ملگ ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم ،نلگنڈہ اور سوریہ پیٹ میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے مزید بتایا کہ پرسوں سے یہ انتباہ بتدریج حیدرآباد، رنگاریڈی، میڑچل ملکاجگیری سمیت دیگر اضلاع تک پھیلنے کا امکان ہے۔

PN

Etela

وزیراعظم نریندر مودی کے 25 سالہ عوامی خدمات کے سفر کی تکمیل کے موقع پر بی جے پی کی جانب سے شروع کی گئی 'سیوا سنکلپ ابھیان' مہم کے تحت نظام پیٹ میونسپل کارپوریشن کے حدود میں عوام کی سہولت کے لئے سیمنٹ کی بنچیں نصب کی جائیں گی۔ ملکاجگیری کے رکن پارلیمنٹ ایٹالہ راجندر نے شاہ میر کیمپ آفس میں بنچوں سے لدے ٹرک کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ محض بنچیں نہیں بلکہ وزیراعظم مودی کے خدمت کے عزم کی علامت ہیں۔

Desk

Sridhar Babu

تلنگانہ کے وزیر سری دھر بابو نے بنگلورو میں منعقدہ 'انویسٹ تلنگانہ گلوبل سمٹ 2026' کے روڈ شو میں شرکت کرتے ہوئے کرناٹک کی صنعتی کمپنیوں کو تلنگانہ میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ اور کرناٹک ایک ہی ویلیو چین کے دو اہم حصے ہیں۔ وزیر نے بتایا کہ گلوبل سمٹ 7 سے 9 دسمبر تک

حیدرآباد کے بھارت فیوچر سٹی میں منعقد ہوگی۔انہوں نے کرناٹک کے سرمایہ کاروں سے اس سمٹ میں شرکت کرنے اور تلنگانہ میں سرمایہ کاری کے امکانات سے فائدہ اٹھانے کی اپیل کی۔

Desk

Ponnam

پسماندہ طبقات کی بہبود اور ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے جے پور میں منعقدہ 51ویں قومی یوگاسن اسپورٹس چمپئن شپ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے تلنگانہ کے کھلاڑیوں کو تہنیت پیش کی۔جمعہ کی صبح منسٹرس کوارٹرس میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے امید ظاہر کی کہ کھلاڑی مستقبل میں بین الاقوامی سطح پر بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تلنگانہ کا نام دنیا بھر میں روشن کریں گے۔چمپئن شپ میں میڑچل ضلع کی کٹیکو لا بھاوجنا نے 12 سے 14 سال کی لڑکیوں کے زمرے میں کانسہ کا تمغہ حاصل کیا۔رنگاریڈی ضلع کی این واسوی نے 8 سے 10 سال کی لڑکیوں کے زمرہ میں جبکہ کریم نگر کے پی دیپک نے 14 سے 16 سال کے لڑکوں کے زمرہ میں پانچویں پوزیشن حاصل کی۔

Desk

Intermediate Exam Fee Dates

تلنگانہ انٹرمیڈیٹ بورڈ نے مارچ 2027 میں منعقد ہونے والے انٹرمیڈیٹ پبلک امتحانات کے لئے فیس کی ادائیگی کا شیڈول جاری کردیا ہے۔بورڈ کے مطابق فیس کی ادائیگی کا عمل 26 اکتوبر 2026 سے شروع ہوگا۔اس شیڈول میں باقاعدہ طلبہ کے ساتھ سابقہ امتحانات میں ناکام ہونے والے امیدوار بھی شامل ہوں گے۔جنرل اور ووکیشنل کورس کے طلبہ کو اپنے متعلقہ امتحانی فیس مقررہ شیڈول کے مطابق ادا کرنا ہوگا۔

Desk

RTC MD

تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے مینجنگ ڈائرکٹر وائی ناگی ریڈی نے کہا کہ دسہرہ تہوار کے موقع پر مسافروں کی سہولت کے لئے چلائی جانے والی خصوصی بس خدمات منظّم منصوبہ بندی کے ساتھ کامیابی سے جاری ہیں۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ تہوار کے موقع پر اپنے آبائی مقامات جانے والے مسافروں کو کسی قسم کی رکاوٹ یا دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایم ڈی نے ایگزیکیٹو ڈائرکٹرس اور تمام ریجنل منیجرس کو ہدایت دی کہ وہ وقتاً فوقتاً صورتحال کا جائزہ لیں اور زمینی سطح پر انتظامات کی براہِ راست نگرانی کریں تاکہ مسافروں کو محفوظ اور آسان سفر کی سہولت فراہم کی جاسکے۔

Desk

OO